# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، بہاول پور

نمبر: 327 - رجسٹریشن

مورخہ: 08 اگست 2023

(رجسٹرڈ)

بخدمت:

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات

(گورنمنٹ، الحاق شدہ پرائیویٹ کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز)

واقع حدود تعلیمی بورڈ، بہاول پور

عنوان: **گیارہویں جماعت برائے تعلیمی سیشن 25-2023ء میں داخلہ/رجسٹریشن/آن لائن ڈیٹا انٹری اور ریٹرن ترسیل کا شیڈول**

پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین نے مراسلہ نمبر 789-SY/PBCC/LHR مورخہ 05-08-23 کے تحت انٹرمیڈیٹ گیارہویں جماعت تعلیمی سیشن 25-2023 میں داخلہ/رجسٹریشن/آن لائن ڈیٹا انٹری اور ریٹرن ترسیل کا شیڈول جاری کیا ہے۔ تمام سربراہان ادارہ جات درج ذیل شیڈول کے مطابق مقررہ تواریخ میں آن لائن ڈیٹا انٹری اور ریٹرنز ارسال کریں۔

| نمبر شمار | شیڈول | ادارہ جات میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری/کوائف کی فیڈنگ، بینک میں فیس جمع کرانے، آن لائن کمپیوٹرائیزڈ بنک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع فارورڈنگ لیٹر بورڈ آفس میں جمع کروانے کی حتمی تواریخ۔ |
|---|---|---|
| (i) | بغیر لیٹ فیس کے آخری تاریخ | 12-08-2023 تا 25-09-2023 |
| (ii) | -/600 روپے لیٹ فیس فی طالب علم/طالبہ کے ساتھ آخری تاریخ (فیس بورڈ کو واجب الادا ہوگی) | 26-09-2023 تا 10-10-2023 |
| (iii) | مورخہ 10-10-2023 کے بعد گیارہویں جماعت میں داخلہ کی اجازت نہ ہوگی۔ | |

| نمبر شمار | تفصیل شرح فیس | گورنمنٹ/پرائیویٹ ادارہ جات |
|---|---|---|
| (i) | رجسٹریشن فیس | -/1000 روپے |
| (ii) | پروسیسنگ فیس | -/530 روپے |
| (iii) | سپورٹس فیس/سکالرشپ فیس/ڈویلپمنٹ فیس | -/150 روپے، -/80 روپے، -/200 روپے |
| | میزان | -/1960 روپے (فی طالب علم/طالبہ) |

**ضروری نوٹ:** ترجمۃ القرآن تمام طلباء/طالبات کے لیے بطور مضمون پڑھنا لازمی ہوگا۔ (تفصیل صفحہ 4، شق نمبر 17 پر ملاحظہ کریں)

## ہدایات برائے آن لائن ڈیٹا انٹری، ترسیل ہارڈ کاپی رجسٹریشن ریٹرن و فیس چالان

(1) بورڈ رولز کے مطابق سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (میٹرک) کے تمام مضامین میں پاس امیدوار گیارہویں جماعت میں داخلے کا اہل ہے۔ کمپارٹمنٹ یا فیل امیدوار داخلے کا اہل نہ ہے۔ آن لائن رجسٹریشن (ڈیٹا انٹری) سے پہلے امیدواران کے متعلقہ گزٹ سے رزلٹ کارڈ چیک نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ بورڈ سے تصدیق کروائیں تاکہ کوئی امیدوار بوگس رزلٹ کارڈ پر داخلہ نہ لے سکے۔ بوگس رزلٹ کارڈ پر داخلہ دینے والا ادارہ خود ذمہ دار ہوگا۔ فیل یا کمپارٹمنٹ والے امیدوار کو اگر غلطی سے رجسٹریشن نمبر جاری ہو بھی گیا تو وہ کینسل تصور کیا جائے گا۔

(2) کوئی بھی امیدوار انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ کی امتحانی رولنمبر سلپ جاری ہونے کے بعد انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ میں دوبارہ رجسٹریشن/ری ایڈمیشن کا اہل نہ ہوگا۔

(3) امیدواران کی آن لائن ڈیٹا فیڈنگ بمطابق میٹرک ریکارڈ جبکہ تصاویر بورڈ کی جانب سے مقرر کردہ Dimenssions اور Pixels کی Range (Height 150-200) اور (Width 100-150) کے مطابق اپ لوڈ کی جائیں۔ طلبا/طالبات کے کم سے کم بیج بنائے جائیں۔ ڈیٹا کو Submit کرنے سے قبل پروف ریڈنگ کو اچھی طرح چیک کریں۔ رجسٹریشن و دیگر فیس آن لائن بنک چالان پر ہی جمع کروائیں۔ **رجسٹریشن ریٹرن کے تمام صفحات سربراہ ادارہ سے تصدیق شدہ ہوں مدھم و غیر واضح پرنٹ، نامکمل دستاویزات اور مینوئل رجسٹریشن ریٹرن قابل قبول نہ ہوں گی۔**

(4) امیدواران کی رجسٹریشن/پروسیسنگ و دیگر فیس بنک میں جمع نہ کرانے اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی/فیس چالان مع ترسیلی لیٹر دفتر ہذا میں مقررہ تاریخ تک نہ پہنچنے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد پہلے ماہ مبلغ -/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ -/3,000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ (کالج انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا واضح رہے کہ یہ جرمانہ پورے ادارے کی رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور اصل فیس چالان موصول نہ ہونے کی صورت میں بھی واجب الادا ہوگا اور ایک طالب علم کی رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور اصل فیس چالان وصول نہ ہونے پر بھی واجب الادا ہوگا بورڈ رولز کے مطابق

یہ جرمانہ ناقابل معافی ہے اوراس بارے اپیل نہ کی جاسکے گی لہذا اپنے ادارہ میں داخل طلباء/طالبات کے کوائف کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع آن لائن ترسیلی لیٹر وفیس چالان دفتر ہذا کو مقررہ شیڈول میں ارسال کریں۔

(5) ایسے طلباء/طالبات جو گذشتہ تعلیمی سیشن **2022-24**ء میں کسی تعلیمی ادارہ میں گیارہویں جماعت میں داخلہ/رجسٹریشن کے بعد بطور ریگولر زیر تعلیم رہے ہیں لیکن بیماری یا کسی اور مجبوری کی وجہ سے انٹر پارٹ فرسٹ امتحان سالانہ **2023**ء کیلئے ان کا امتحانی داخلہ فارم کالج انتظامیہ نے بورڈ آفس میں جمع نہیں کروایا تھا۔ ایسے طلباء/طالبات کو دیگر فریش امیدواران کی کیٹیگری میں شمار کیا جاسکتا ہے۔

(6) ایسے طلبا/طالبات جنہیں شیڈول داخلہ/مقررشدہ تواریخ میں گیارہویں جماعت میں داخل کرلیا گیا ہو لیکن ادارہ کی جانب سے امیدوار کی رجسٹریشن/ڈیٹا مقررکردہ تواریخ میں آن لائن نہیں کیا جاسکا تو ایسے امیدواران کے کوائف کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی، رجسٹریشن/پروسیسنگ و دیگر فیس کے علاوہ مبلغ-/**200** روپے فی یوم فی طالب علم/طالبہ جرمانے کے ساتھ ریٹرن مورخہ **31-12-2023** تک وصول کی جائے گی۔

(7) ایسے امیدواران جن کے کوائف کی ایک ادارہ سے آن لائن ڈیٹا انٹری ہو چکی ہو اور طلباء/طالبات کسی دوسرے ادارہ میں داخلہ کے خواہشمند ہوں تو وہ سابقہ ادارے سے شیڈول داخلہ (بغیر لیٹ فیس) کی تواریخ کے اندر اپنا ڈیٹا Delete کروانے کے لیے اسٹامپ پیپر پر بیان حلفی (کہ میں نئے ادارہ میں زیر تعلیم ہوں میں سابقہ ادارہ میں تعلیم جاری نہیں رکھنا چاہتا میری سابقہ ادارہ سے کی گئی آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کو Cancel/Delete کیا جائے) بمع شناختی کارڈ (اُمیدوار/والد)، میٹرک رزلٹ کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی اور نئے ادارہ کے لیٹر پیڈ پر جاری شدہ سربراہ ادارہ کا رضا مندی مراسلہ فراہم کریں گے تا کہ امیدواران کا ڈیٹا Delete کردیا جائے۔ شیڈول داخلہ (بغیر لیٹ فیس) کی تواریخ ختم ہونے کے بعد کالج ٹو کالج مائیگریشن کا طریقہ اختیار کرنا ہوگا۔

(8) گیارہویں جماعت میں رجسٹریشن آن لائن کرنے اور ریٹرن کی ہارڈ کاپی ارسال کرنے کے بعد اگر کوئی طالب علم/طالبہ کسی وجہ سے ادارہ سے خارج ہو جائے یا ادارہ چھوڑ جائے تو سربراہ ادارہ (کالج انتظامیہ) اپنے ادارہ کا آن لائن پورٹل اوپن کرکے متعلقہ امیدوار کی رجسٹریشن Cancel/Delete کرسکتا ہے تاہم سربراہ ادارہ (کالج انتظامیہ) کے لیے لازم ہے کہ وہ متعلقہ امیدوار کی کمپیوٹر سے پرنٹ شدہ منسوخی رجسٹریشن کی درخواست/لیٹر آن لائن منسوخی کے دس یوم کے اندر شعبہ ہذا کو ارسال کریں بصورت دیگر ادارہ کی جانب سے Cancel/Delete کیے گئے امیدواران کو دفتر ہذا کی طرف سے Verified / کلیئر نہیں کیا جائے گا اور امیدواران کی رجسٹریشن کینسل نہیں ہوگی۔ واضح رہے کہ منسوخی رجسٹریشن کی درخواست/لیٹر مورخہ **31-12-2023** تک یا اس سے قبل وصول کیا جائے گا اس کے بعد موصولہ لیٹر مسترد شدہ متصور ہوگا۔

(9) <u>**NOC:**</u> دوسرے بورڈز سے انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ/سیکنڈ دوران تعلیم کا NOC حاصل کرکے/مائیگریٹ ہو کر آنے والے طلباء/طالبات کے کالج لیونگ سرٹیفکیٹ کے اجراء کے **30** یوم کے اندر NOC حاصل کرنا ضروری ہے، متعلقہ بورڈ سے NOC کے اجراء کے بعد **45** یوم کے اندر بورڈ ہذا سے الحاق شدہ کسی بھی تعلیمی ادارہ میں داخلہ کیا جاسکتا ہے۔ مقررہ ایام کے بعد NOC کی بنیاد پر کسی امیدوار کو داخل نہیں کیا جاسکتا۔ تاریخ داخلہ سے **10** یوم کے اندر آن لائن سسٹم کے تحت متعلقہ رجسٹریشن Portal میں امیدوار کے کوائف کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد اپنے ادارہ کے آن لائن ترسیلی لیٹر کے ہمراہ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی، اصل NOC، میٹرک/انٹرمیڈیٹ (پارٹ فرسٹ) رزلٹ کارڈ/او لیول مارکس شیٹ اور ایکوئیلنس سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقل، کالج لیونگ سرٹیفیکیٹ کی مصدقہ کاپی (جو کہ موجودہ سربراہ ادارہ سے تصدیق شدہ ہو) اور مجوزہ رجسٹریشن/پروسیسنگ و دیگر فیس کا اصل بنک چالان بورڈ ہذا (رجسٹریشن برانچ) کو ارسال کریں درج بالا دستاویزات تاخیر سے ارسال کرنے کی صورت میں مجوزہ شرح کے مطابق جرمانہ سربراہ ادارہ (کالج انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا نیز مطلوبہ دستاویزات پر کٹنگ یا فلیوڈ استعمال کیے جانے یا نامکمل ہونے کی صورت میں متعلقہ امیدوار کو رجسٹریشن نمبر الاٹ نہیں کیا جائے گا۔ **واضح رہے کہ گیارہویں جماعت کے امتحان میں شمولیت کے بعد دیگر بورڈ سے NOC حاصل کرکے آنے والے طلباء/طالبات بورڈ ہذا کی حدود میں واقع تعلیمی ادارہ جات میں گیارہویں جماعت میں ری ایڈمیشن کیٹگری میں داخلہ/رجسٹریشن کے اہل نہ ہونگے۔**

## ضروری نوٹ:

(i) سربراہان ادارہ جات دوسرے بورڈز سے میٹرک کا امتحان پاس کرکے آنے والے طلباء/طالبات کو اصل NOC اور میٹرک رزلٹ کارڈ کے بغیر ہرگز داخلہ نہ دیں۔

(ii) دوسرے بورڈز سے فرسٹ ایئر کے امتحان میں شمولیت کے بعد دوبارہ کلاس فرسٹ ایئر میں داخلہ حاصل کرنے کے خواہشمند طلباء/طالبات اپنے سابقہ بورڈ میں ری ایڈمیشن حاصل کرنے کے بعد فرسٹ ایئر زیر تعلیم کا NOC حاصل کریں گے۔ اصل NOC، تصدیق شدہ لیونگ سرٹیفکیٹ اور میٹرک رزلٹ کارڈ کی کاپی کے بغیر ہرگز داخلہ نہ دیں۔

(iii) دوسرے بورڈ سے فرسٹ ایئر کے امتحان میں شمولیت کے بعد بورڈ ہذا میں سیکنڈ ایئر کلاس میں داخلہ حاصل کرنے کے خواہشمند امیدواران کو سیکنڈ ایئر دوران تعلیم کا اصل NOC، تصدیق شدہ لیونگ سرٹیفکیٹ، میٹرک اور فرسٹ ایئر کے رزلٹ کارڈ کی کاپی کے بغیر اپنے ادارہ میں ہرگز داخلہ نہ دیں بصورت دیگر سربراہ ادارہ (کالج انتظامیہ) ذمہ دار ہوں گے۔ نیز انٹرنیٹ سے حاصل شدہ رزلٹ کارڈ کی کاپی قابل قبول نہ ہوگی۔

(10) **درستگی کوائف**: رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی و ڈیٹا میں سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (میٹرک) کے مطابق کسی بھی طالب علم/طالبہ کے نام، ولدیت یا دیگر کوائف اور تصاویر میں درستگی کے لیے سربراہ ادارہ/کالج انتظامیہ آن لائن سسٹم کے تحت اپنے ادارہ کا پورٹل اوپن کر کے مطلوبہ درستگی کر سکتا ہے تاہم سربراہ ادارہ (کالج انتظامیہ) کے لیے لازم ہے کہ وہ ان امیدواران کی آن لائن پورٹل سے حاصل شدہ درخواست بمع میٹرک رزلٹ کارڈ/سند کی تصدیق شدہ کاپی و فیس چالان مبلغ-/750 روپے فی غلطی فی طالب علم/طالبہ کے حساب سے مورخہ 31-12-2023 تک یا اس سے قبل شعبہ ہذا کو ارسال کریں۔ مقررہ تاریخ کے بعد فی غلطی فی طالب علم/طالبہ مبلغ-/1000 روپے فیس کے حساب سے انٹرمیڈیٹ کا امتحان شروع ہونے سے 15 یوم قبل تک مذکورہ شرائط کے مطابق درستگی کروائی جا سکتی ہے۔ دفتر ہذا کی جانب سے موصولہ درخواست/دستاویزات کی جانچ پڑتال کے بعد ہی آپ کے ادارہ کی طرف سے کی گئی مطلوبہ درستگی کو Verified/کلیئر کیا جائے گا واضح رہے کہ مقررہ ایام کے بعد موصول ہونے والی درخواست داخل دفتر کر دی جائے گی۔

(11) **درستگی مضمون / مضامین گروپ**: گیارہویں جماعت میں زیر تعلیم امیدواران کے مضمون/مضامین/گروپ میں تبدیلی/درستگی کیلئے سربراہ ادارہ آن لائن سسٹم کے تحت اپنے ادارہ کا پورٹل اوپن کر کے مطلوبہ تبدیلی/درستگی کر سکتا ہے۔ تاہم سربراہ ادارہ (کالج انتظامیہ) کے لیے لازم ہے کہ ان امیدواران کی مضمون تبدیلی کی صورت میں مبلغ-/2,400 اور گروپ تبدیلی کی صورت میں مبلغ-/2,500 روپے فی طالب علم/طالبہ فیس چالان کے ساتھ آن لائن سسٹم کے تحت پرنٹ شدہ درخواست/لیٹر مورخہ 31-12-2023 تک یا اس سے قبل شعبہ ہذا کو ارسال کریں۔ دفتر ہذا کی جانب سے مذکورہ درخواست/بنک چالان کی جانچ پڑتال کے بعد آپ کے ادارہ کی طرف سے کی گئی مطلوبہ مضمون/گروپ تبدیلی/درستگی کو Verified/کلیئر کیا جائے گا۔ مورخہ 31-12-2023 کے بعد تبدیلی مضمون/مضامین کے لیے متعلقہ مضمون میں 75% حاضری کے سرٹیفکیٹ کے ساتھ مبلغ-/2,000 روپے فی مضمون اور گروپ تبدیلی کی صورت میں مبلغ-/5,000 روپے بطور فیس ولیٹ فیس فی امیدوار وصول کیے جائیں گے نیز یہ تبدیلی امتحان کے انعقاد سے 30 یوم قبل تک کروائی جا سکتی ہے۔ اس کے بعد مضمون/مضامین/گروپ تبدیلی کی ہرگز اجازت نہیں ہوگی۔

(12) **کالج کونسل کارروائی**: حکومت پنجاب کے نوٹیفکیشن No.S.O(C.A)1-28/2015 مورخہ 20.07.2016 کی ہدایت کے مطابق سابقہ پانچ سال (**میٹرک سالانہ امتحان 2019 تک**) کے میٹرک پاس طلباء اور طالبات کو درج ذیل شرائط کے مطابق گیارہویں جماعت میں داخلہ دیا جا سکتا ہے۔

(i) طلباء/طالبات حلفیہ بیان دیں گے کہ انہوں نے میٹرک پاس کرنے کے بعد اور کالج میں داخلہ کی درخواست سے قبل کسی بھی ادارہ میں داخلہ حاصل کر کے گیارہویں جماعت میں رجسٹریشن نہ کروائی ہے اور نہ ہی بطور پرائیویٹ امیدوار امتحان دیا ہے۔

(ii) ایسے تمام داخلہ جات سختی کے ساتھ کالج کے میرٹ کے مطابق کیے جائیں۔

(iii) سربراہ ادارہ ایڈمیشن کمیٹی کی سفارشات کے مطابق طلباء/طالبات کو کالج میں داخلہ دے۔

(iv) کالج کونسل/BOG اپنے سپیشل اجلاس میں کیس کی توثیق کے بعد مکمل کیس (اصل کارروائی کے ہمراہ)، امیدوار کا اسٹامپ پیپر پر حلفیہ بیان (جو اوتھ کمشنر سے تصدیق شدہ ہو) بورڈ ہذا کو ارسال کیا جائے۔

(v) طلباء/طالبات مذکورہ پالیسی کے مطابق یہ سہولت صرف ایک مرتبہ حاصل کر سکتے ہیں۔

(13) **اولیول**: ایسے طلباء/طالبات جنہوں نے جی سی اولیول کا سالانہ امتحان **2023**ء میں پاس کیا ہو۔ سربراہ ادارہ (کالج انتظامیہ) کو چاہیئے کہ ایسے امیدواران کو انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین اسلام آباد کی طرف سے جاری کردہ ایکوئیلنس سرٹیفکیٹ اور پاس کردہ اولیول امتحان کی مارکس شیٹ کی پڑتال/تسلی کے بعد ہی شیڈول داخلہ/تواریخ کے مطابق اپنے ادارہ میں داخلہ دے اور ادا کردہ رجسٹریشن/پروسیسنگ و دیگر فیس کا اصل بنک چالان، IBCC سے جاری شدہ ایکوئیلنس سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی اور پاس کردہ اولیول امتحان کی مارکس شیٹ کی مصدقہ فوٹو کاپی/کاپیاں، ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع فارورڈنگ لیٹر دفتر ہذا کو مقررہ شیڈول میں ارسال کریں۔ جی سی اولیول میں کسی بھی مضمون/مضامین میں "Un-grade" یا Pending طلباء/طالبات داخلہ کے اہل نہیں ہونگے نیز جو طلباء/طالبات موجودہ سال 2023ء جی سی اولیول امتحان اکتوبر، نومبر میں پاس کریں گے وہ طلباء/طالبات حکومت پنجاب کے احکامات/لیٹر نمبر S.O(A-1)SA.7-3/96 مورخہ 08-11-1997 کے مطابق داخلہ لینے کی اہل نہیں ہونگے۔

(14) **ری ایڈمیشن**: فرسٹ ایئر سالانہ امتحان **2023** کا رزلٹ شائع ہونے کے بعد **ری ایڈمیشن** کا شیڈول جاری کیا جائے گا۔

(15) گیارہویں جماعت کی آن لائن رجسٹریشن کے لیے "ب" فارم نمبر لازمی ہے۔ تعلیمی سیشن 25-2023 سے آن لائن سسٹم کے تحت نادرہ کی طرف سے طلباء/طالبات کا جاری کردہ "ب" فارم نمبر ہی رجسٹریشن نمبر شمار کیا جائے گا۔ لہذا طلباء/طالبات کا "ب" فارم کے مطابق ہی درست نمبر آن لائن کیا جائے۔

(16) **مائیگریشن:** بورڈ ہذا کی حدود میں واقع ایک کالج سے دوسرے کالج میں مائیگریشن کیلئے کالج انتظامیہ اپنے ادارہ کے آن لائن پورٹل میں مائیگریشن درخواست فارم کے اندراجات مکمل کر کے درخواست فارم اور فیس چالان مبلغ-/3,095 روپے اور لوکل مائیگریشن کی صورت میں مبلغ-/7,595 روپے کے آن لائن بنک چالان کی ہارڈ کاپی کا پرنٹ حاصل کریں۔ اپنے ادارہ کے سربراہ کے دستخط ومہر کے بعد مائیگریشن فارم متعلقہ امیدوار یا کالج انتظامیہ کے حوالے کر دیں تا کہ وہ نئے ادارہ کے سربراہ سے رضامندی کے دستخط ومہر اور مائیگریشن فیس UBL واقع حدود بہاول پور بورڈ میں جمع کروانے کے بعد شعبہ ہذا کو ارسال کرے یا دستی جمع کروائے۔ درخواست فارم مکمل ہونے اور فیس چالان مہیا کرنے پر متعلقہ طالب علم/طالبہ، کالج انتظامیہ کو مائیگریشن سلپ دستی وصول کرادی جائے گی یا مہیا کردہ ایڈریس یا نئے ادارہ میں بذریعہ ڈاک ارسال کردی جائے گی۔ طلباء/طالبات مائیگریشن سلپ کے اجراء کے بعد پندرہ (15) یوم کے اندر نئے کالج میں داخلہ حاصل کرنے اور مائیگریشن سلپ کی اصل کاپی کالج میں جمع کرانے کے پابند ہونگے۔ نئے سربراہ ادارہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ مائیگریٹیڈ طالب علم/طالبہ کو اپنے ادارہ میں فوری طور پر داخل کرنے کے بعد مائیگریشن سلپ سے منسلکہ مائیگریشن ریٹرن کے متعلقہ کالم میں تاریخ داخلہ کا اندراج کر کے تصدیق شدہ مائیگریشن ریٹرن مع ترسیلی لیٹر تاریخ داخلہ سے 10 یوم کے اندر دفتر ہذا (رجسٹریشن برانچ) کو ارسال کریں تاخیر کی صورت میں مجوزہ شرح کے مطابق جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ **واضح رہے کہ گیارہویں و بارہویں جماعت میں زیر تعلیم طلباء/طالبات آن لائن سسٹم کے تحت امتحانی داخلہ فارم کے شیڈول کی ڈبل فیس کی آخری تاریخ تک مائیگریشن کرواسکتے ہیں (بشرطیکہ امتحانی داخلہ فارم آن لائن سسٹم کے تحت Submit نہ کیا گیا ہو) اس کے بعد مائیگریشن کی اجازت نہیں ہوگی۔**

(17) **ترجمۃ القرآن المجید:** پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین کی میٹنگ مورخہ 13.12.2021 کے تناظر میں بہاول پور بورڈ کی منظوری کے پیش نظر مذکورہ بالا شیڈول میں گیارہویں جماعت میں مضمون "ترجمۃ القرآن" کو بطور لازمی مضمون شامل کیا گیا ہے لہذا اپنے تعلیمی ادارہ میں رجسٹرڈ ہونے والے گیارہویں جماعت کے طلبہ/طالبات کو Punjab Textbook Board کی ویب سائٹ http://pctb.punjab.gov.pk پر موجود نصاب کے مطابق قرآن مجید کے ترجمہ کی تدریس شروع کروائیں۔ گیارہویں جماعت میں رجسٹرڈ ہونے والے طلبہ / طالبات کا "ترجمۃ القرآن" کا امتحان انٹر سالانہ امتحان 2024 میں ہوگا۔ غیر مسلم اُمیدواران "ترجمۃ القرآن" کے متبادل "اخلاقیات (Ethics)" کا امتحان دیں گے اور اسلامیات لازمی کے متبادل Religious Eduction کا امتحان دیں گے۔

(18) شیڈول داخلہ/بورڈ قواعد وہدایات کے برعکس طلباء/طالبات کو گیارہویں جماعت میں داخلہ دینے، رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی بورڈ ہذا میں بھجوانے کے بعد طلباء/طالبات یا ان کے والدین کی جانب سے کسی بھی قسم کی قانونی کاروائی کی صورت میں بورڈ ہذا ذمہ دار نہ ہوگا بلکہ اس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ سربراہ ادارہ (کالج انتظامیہ) پر عائد ہوگی۔

**نوٹ: شیڈول ہذا بورڈ کی ویب سائٹ (www.bisebwp.edu.pk) پر بھی موجود ہے جسے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے اور کسی بھی طرز کی پریشانی کی صورت میں متعلقہ آفیشل سے رابطہ کریں تا کہ آپ کو آن لائن ڈیٹا انٹری و دیگر معاملات کی تکمیل کے سلسلہ میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔**

شمشاد علی

**سیکرٹری**

**کاپی برائے اطلاع رضروری کاروائی۔**

(1) ڈائریکٹر تعلیم کالجز بہاول پور ڈویژن بہاول پور۔
(2) جملہ سیکرٹری صاحبان تعلیمی بورڈز پنجاب۔
(3) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت)۔
(4) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)۔
(5) سسٹم اینالسٹ (برائے بورڈ ویب سائٹ)۔
(6) داخلی تقسیم/شیڈول فائل۔

آفیسر انچارج (رجسٹریشن)